Telephone Conversation between Prime Minister and H.E. Mr. Emmanuel Macron, President of France

August 16, 2022

وزیراعظم اور فرانس کے صدر عزت مآب ایمینول میکخوا ں کے درمیان ٹیلی فون پر بات چیت

اگست 16 2022

وزیراعظم جناب نریندر مودی نے آج جمہوریہ فرانس کے صدر عزت مآب ایمینول میکخوا ں سے ٹیلی فون پر بات چیت کی۔

وزیر اعظم نے فرانس میں سیلاب اور جنگل میں آگ لگنے کے واقعے پر صدر میکخوا ں کو ہندوستان کے مکمل تعاون کا یقین دلایا۔

دونوں لیڈروں نے دفاعی تعاون کے پروجیکٹوں اور سول نیو کلیائی توانائی میں تعاون سمیت جاری دو طرفہ اقدامات کا جائزہ لیا۔

انہوں نے عالمی خوراک کے تحفظ سے متعلق معاملات سمیت اہم جیوپولیٹیکل چیلنجو ں کے بارے میں بھی تبادلہ خیال کیا۔دونوں لیڈروں نے حالیہ برسوں میں ہند-فرانس اسٹریٹجک شراکتداری کے سلسلے میں حاصل کی گئی گہرائی اور استحکام پر اطمینان کا اظہار کیا اور تعاون کے نئے شعبوں میں تعلقات کو وسعت دینے کے لئے مل کر کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

نئی دہلی

اگست 16 2022

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.